© rasailojaraid.com



۲۴- جدید عصری مسائل اور مطالبات کی روشنی میں قوانین کی تدوین جدید اور قرآن کی رہنمائی ( گلوبلائزیشن، دہشت گردی، عام تباہی کے اسلحے، تکثیری معاشرہ، فرقہ واریت، نسل پرستی، سیکولر اسٹیٹ میں ساجھے داری)

۲۵- قرآن مجید میں مظلوم طبقات کے حقوق (قیدی، پناہ گزیں)

۲۶- قرآن مجید کے قوانین صلح و جنگ

۲۷- 'طاغوت' ظالمانہ حکومت کی ایک جامع تعبیر

۲۸- حدود وتعزیرات جرائم پر کنٹرول کا موثر ذریعہ

۲۹- 'فی ملکوت اللہ'للفراہی کا تجزیاتی مطالعہ

۳۰- قرآن مجید کے سیاسی افکار اور مستشرقین

## دنیا کا سب سے چھوٹا قرآن

راجستھان میں ادے پور شہر کے ایک دستکار نے اپنے پاس دنیا کے سب سے چھوٹے اور سب سے کم وزن کا قرآن شریف ہونے کا دعویٰ کرتے ہوئے اسے گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈ میں درج کرانے کے لیے درخواست دی ہے۔ دستکار اقبال سکہ نے بتایا کہ یہ قرآن شریف ۲ سینٹی میٹر لمبا، ۱.۵ سینٹی میٹر چوڑا اور آدھا سینٹی میٹر موٹا ہے۔ اس قرآن میں ۲۳۲ صفحات ہیں۔ اس کا وزن صرف ۲ گرام ہے۔ اقبال نے کہا کہ ۱۳۶۵ ہجری کا یہ قرآن شریف تقریباً ۶۰ سالوں سے ان کے والد کے پاس چاندی کے تعویذ میں بند تھا۔ اقبال کے مطابق اس قرآن شریف کی عبارت کافی باریک ہے اور اسے صرف دوربین سے ہی پڑھا جا سکتا ہے۔ اس کے صفحات کو پلٹنے کے لیے سوئی کی نوک کا استعمال کرنا پڑتا ہے، اس قرآن شریف میں ۶۲۲۶ آیتیں ہیں اور ۵۳۳۶ لائنیں لکھی ہوئی ہیں۔ (ماہنامہ افکار ملی، دہلی، جون ۲۰۱۱ء)

© rasailojaraid.com